www.facebook.com/VetNewsViews FD # 56

پولٹری، لائیوسٹاک، ڈیری، زراعت، ماہی پروری، جنگلی حیات اور ماحولیات کا پاکستان میں واحد اخبار

ہفت روزہ

ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز

Email: pakissan2002@yahoo.com

چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر خالد محمود شوق

ایڈیٹر: ڈاکٹر تنویر ظہیر

ایگزیکٹو ایڈیٹر ذیشان خالد

فیصل آباد

جلد نمبر 14 24 تا 30 نومبر 2018، صفحات 10 قیمت 150 روپے شمارہ نمبر 04 ABC سے تصدیق شدہ

NAEAC سے وفد کا ویٹرنری یونیورسٹی کے فوڈ سائنس اینڈ ہیومن نیوٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ

لاہور (نمائندہ خصوصی) نیشنل ایگر یکلچر ایجوکیشن ایکریڈیشن کونسل، ہائیر ایجوکیشن اسلام آباد کے وفد نے ڈگری پروگراموں کی ایکریڈیشن کے حوالے سے یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے ڈیپارٹمنٹ آف فوڈ سائنس اینڈ ہیومن نیوٹریشن کا دورہ کیا۔ وفد چیئرمین NAEAC پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ (سابق گورنر پنجاب سردار رفیق رجوانہ کے بھائی اور میاں محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان کے پروفیسر)، پروگرام کو آرڈینیٹر عبداللہ اور سبجیکٹ ایکسپرٹ پروفیسر ڈاکٹر مسعود صادق بٹ (ڈین کلیہ فوڈ سائنس زرعی یونیورسٹی فیصل آباد) پر مشتمل تھا۔ ڈین فیکلٹی آف بائیو سائنسز پروفیسر ڈاکٹر حبیب الرحمٰن نے وفد کو یونیورسٹی کی تاریخ، اغراض و مقاصد اور مختلف ڈگری پروگراموں کے بارے میں بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر ثناءاللہ اقبال نے فوڈ سائنس اینڈ ہیومن نیوٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی مختلف سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ وفد نے یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس، لیبارٹری اور ہیومن نیوٹریشن کلینک کا بھی دورہ کیا۔ وفد نے یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے پرووائس چانسلر اور پاکستان ویٹرنری میڈیکل کونسل کے صدر پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی کے ساتھ بھی ملاقات کی اور یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے معیار تعلیم اور تحقیق کو بہتر بنانے سے متعلقہ یونیورسٹی کی کاوشوں کو سراہا۔